18فروری2015ء

اسٹیٹ بینک نے مالی اختراع چیلنج فنڈ کی تجاویز جمع کرانے کی ڈیڈ لائن بڑھا کر 5 مارچ 2015ء کردی

بینک دولت پاکستان نے 'بہترین اسلامی مالکاری کی ترویج' کے موضوع پر مالی اختراع چیلنج فنڈ (FICF) کے تیسرے مرحلے کے تحت تجاویز جمع کرانے کی ڈیڈ لائن میں توسیع کردی ہے۔ تیسرے چیلنج مرحلے کا افتتاح اسلام آباد میں 9 جنوری 2015ء کو ہوا تھا۔

مالی اختراع چیلنج فنڈ وسیع تر مالی شمولیت پروگرام کا حصہ ہے جس پر اسٹیٹ بینک یو کے ایڈ کے مالی تعاون سے عمل کررہا ہے۔ اس مرحلے کا مقصد صف اول کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کی شراکت سے اسلامی مالکاری کے فروغ کے لیے تعلیمی اور تحقیقی انفراسٹرکچر تشکیل دینا ہے۔ یہ پروگرام اس شعبے میں انسانی سرمایہ پیدا کرنے میں مدد دے گا اور اس کے نتیجے میں اسلامی مالکاری کے پیشہ ور، تخصیصی ماہرین بشمول شریعہ اسکالرز، معیشت داں اور محققین سامنے آئیں گے تاکہ پاکستان میں شریعت سے ہم آہنگ مصنوعات اور خدمات کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کیا جاسکے۔

تیسرے چیلنج راؤنڈ کی رہنما ہدایات http://www.sbp.org.pk/AC&MFD/events/FICF-Round-3Guidlines.pdf پر دستیاب ہیں۔ قبل ازیں ممکنہ امیدواروں کے لیے معیاری تجاویز جمع کرانے کی آخری تاریخ 20 فروری 2015ء تھی جو بڑھا کر 5 مارچ 2015ء کردی گئی ہے۔

***